جو شخص دنیا میں کسی دوسرے شخص کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالی قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص دنیا میں کسی دوسرے شخص کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالی قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا“۔

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے۔]

مسلمان کو جب اپنے بھائی کے کسی گناہ کا علم ہو تو اسے چاہئے کہ اس کی ستر پوشی کرے اور لوگوں میں اس کا چرچا نہ کرے کیوں کہ یہ برائی کی اشاعت کے مترادف ہے ۔ جو شخص محض اللہ کی رضا کے لئے ایسا کرتا ہے اللہ تعالی اسے روزِ قیامت اس عمل کی جزاء اس طرح سے دے گا کہ اس کے عیوب کی پردہ پوشی فرمائے گا اور سب لوگوں کے سامنے اسے رسوا نہیں کرے گا۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3777

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY